This question paper contains 8 printed pages]

Your Roll No.......................

306

B.A. (PROGRAMME)/II Sem. B

(Language Course)

URDU LANGUAGE (B)—Paper B

(Admission of 2011 and onwards)

Time : 3 *Hours* *Maximum Marks* : 75

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق و سباق کیجئے: ۱۰

(الف)

قومی یکجہتی کے بارے میں مختلف نظریے ہیں اور ہو سکتے ہیں۔
ایک نقطہء نظر ''یک رنگی'' کا بھی ہے۔ آج کثرت سے ایسے

P.T.O.

رجعت پسند موجود ہیں۔ جو تاریخ کے پہیے کو دو ڈھائی ہزار سال پیچھے کی طرف لے جانا چاہتے ہیں۔ وہ کثرت کو مٹا کر وحدت قائم کرنا چاہتے ہیں۔لیکن جولوگ اپنی تہذیبی تاریخ کا ایک غیر جانب داراور متوازن نقطہءنظر رکھتے ہیں۔وہ ''یک رنگی'' پر ''جلوۂ صدرنگ'' کو ترجیح دیتے ہوئے ''ہر رنگ میں بہار کا اثبات'' چاہتے ہیں۔

(ب)

خیر بجلی تو بڑی چیز ہے تنکے کے اسرار سے بھی آپ ناواقف ہیں کہ ذراسی رگڑ میں یہ نورانی شعلہ کہاں سے آجاتا ہے۔محض غلط ارشاد ہے کہ آپ کے سب کام عین مرضی الٰہی کے مطابق ہوتے ہیں۔ خدا کی ہوا عام ہے۔ پانی اور روشنی عام ہے۔ جنگل اور دریا عام ہیں مگر آپ کی ذات شریف اِن سب چیزوں کو اپنے لئے مخصوص کر لینا چاہتی ہے۔آپ کی خواہش

ہوتی ہے کہ روٹی پانی ہوا سب میرے قبضے میں ہوں جس کو
چاہوں دوں جس کو چاہوں محروم کردوں۔ ایک آدمی
کروڑوں روپے خزانوں میں بند رکھتا ہے اور لاکھوں آدمی
بھوک سے مرجاتے ہیں مگر وہ خودغرض کچھ پروانہیں کرتا۔اپنی
ہوس اور طمع کے جوش میں، نام اور نشان کے شوق میں لاکھوں
ہم جنسوں کو فنا کر ڈالتا ہے تو کیا خدائی خلافت کا انہیں اعمال
سے دعویٰ کیا۔

۲۔ درج ذیل شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح مع
سیاق وسباق کیجئے: ۱۰

(الف)

رخصت ہوا وہ باپ سے، لے کر خدا کا نام
راہِ وفا کی منزلِ اول ہوئی تمام

منظور تھا جو ماں کو زیارت کا انتظام
دامن سے اشک پونچھ کے دل سے کیا کلام
اظہار بے کسی سے ستم ہوگا اور بھی
دیکھا، ہمیں اداس تو غم ہوگا اور بھی
دل کو سنبھالتا ہوا آخر وہ نونہال
خاموش ماں کے پاس گیا صورتِ خیال
دیکھا تو ایک در میں ہے بیٹھی وہ خستہ حال
سکتہ سا ہوگیا ہے یہ ہے شدتِ ملال
تن میں لہو کا نام نہیں زرد رنگ ہے
گویا بشر نہیں کوئی تصویرِ سنگ ہے

(ب)

چاہا جو میں نے ان سے طریق عمل یہ وعظ
بولے کہ نظم ذیل کو ارقام کیجئے

پیدا ہوئے ہیں ہند میں اس عہد میں جو آپ
خالق کا شکر کیجئے، آرام کیجئے
بے انتہا مفید ہیں یہ مغربی علوم
تحصیل ان کی بھی سحر و شام کیجئے
ہو جائے طریقۂ مغرب پہ مطمئن
خاطر سے، محو، خطرۂ انجام کیجئے
پیران بے فروغ کا گل ہو چکا چراغ
ناحق نہ دل کو تابعِ اوہام کیجئے

۳۔ درج ذیل اشعار میں سے کوئی پانچ کی تشریح مع حوالہ کیجئے: ۱۰

سبق ایسا پڑھا دیا تو نے
دل سے سب کچھ بھلا دیا تو نے

لاکھ دینے کا ایک دینا ہے
دل بے مدعا دیا تونے
ہم سمجھتے ہیں آزمانے کو
عذر کچھ چاہیئے ستانے کو
صبح عشرت ہے وہ نہ شام وصال
ہائے کیا ہو گیا زمانے کو
برق کا آسماں پر ہے دماغ
پھونک کر میرے آشیانے کو
ڈرتا ہوں دیکھ کر دلِ بے آرزو کو میں
سنسان گھر یہ کیوں نہ ہو، مہمان تو گیا
کیا آئی راحت آئی جو کُنجِ مزار میں
وہ ولولہ وہ شوق وہ آرام تو گیا

آنکھوں سے حیا ٹپکے ہے انداز تو دیکھو
ہیں بو الہوسوں پر بھی ستم ناز تو دیکھو
اس بت کے لئے میں ہوس حور سے گزرا
اس عشق خوش انجام کا آغاز تو دیکھو

۴۔ قطعہ (طریق عمل پر وعظ) میں شاعر نے کیا درس دیا ہے؟ بیان کیجئے۔ ۱۰

یا

اسمٰعیل میرٹھی کی نظم ''بارش کا پہلا قطرہ'' پر تنقیدی تبصرہ کیجئے۔

۵۔ داغ دہلوی کی غزل گوئی پر تبصرہ کیجئے۔ ۱۰

یا

مومن خاں مومن کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجئے۔

۶۔ پریم چند کی افسانہ نگاری کا جائزہ لیجئے۔ ۱۰

یا

مسعود حسین خاں کی مضمون نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

۷۔ درج ذیل میں سے صرف تین کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجئے: ۱۵

مرثیہ، شہرآشوب، واسوخت، نظم، قطعہ، آزاد نظم، غزل۔